Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۷ جون ۱۹۲۶ء	نمبر ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انتظام جائے حسن رضا خان متوفی رجسٹرار قانونگو۔	۱و۲
۲	رخصت بنے میاں مدرس اکبر آباد۔	۳
۳	توسیع رخصت عبد الحمید مدرس پنوائی۔	۴
۴	مستعفی محمد کبیر مدرس ناگار۔	۴
۵	رخصت محمد جعفر تحصیل بیل۔	۵
۶	تعطل حیدر علی مدرس سیرا پور۔	۵
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

بحکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۶ جون ۱۹۲۶ء

مشتہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست متعلق انتظام عہدہ رجسٹرار قانونگوے تحصیل ملک بجائے حسن رضا خان متوفی رجسٹرار قانونگو تحصیل ملک۔

حکم

سردست مکٹ بہاری لال نائب رجسٹرار قانونگوے تحصیل بلاسپور کو رجسٹرار

قانونگوے تحصیل ملک پر بجائے حسن رضا خان متوفی رجسٹرار قانونگوے ملک کے بشاہرہ بائیس روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔ مکٹ بہاری لال کی جگہ کے انتظام کا جداگانہ حکم ہو جائیگا۔ یکم جون ۱۹۲۶ء دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

مگر اب کہ چندر بہال سنگھ کو نائب رجسٹراری بلاسپور پر جانا منظور ہے۔ لہذا اُسکا تقرر بجائے مکٹ بہاری لال کے بشاہرہ اٹھارہ روپیہ ماہوار مع الاؤنس منظور ہے۔ جو کام مکٹ بہاری لال کرتا تھا وہ بھی کریگا۔ اسکے بھی احکام جاری کئے جائیں۔ مکٹ بہاری لال نے بھی حاضر ہو کر رجسٹرار قانونگوے ملک پر جانا منظور کیا۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ مئی ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس میعاد بنے میاں مدرس مدرسہ اکبر آباد تحصیل ٹانڈہ کی رخصت تین ہفتہ ۱۰ مئی ۱۹۲۶ء سے بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع مدت

۳۱ مئی ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس عبدالحمید مدرس شیوالی کی مدت امتحانی میں یکم جون ۱۹۲۶ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقل

۳۱ مئی ۱۹۲۶ء

حسب سفارش انسپکٹر صاحب مدارس محمد اکبر مدرس مدرسہ نانکار پرگنہ حضور تحصیل ۳۰ مئی ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ مئی ۱۹۲۶ء

مثل تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل کمیٹی دربارہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم مہابیر پرشاد محرر جوڈیشل جیل از ۶ جون ۱۹۲۶ء بذمہ داری شفیع احمد خان محرر خوراک جیل۔

حکم

مہابیر پرشاد محرر جوڈیشل جیل کی رخصت رعایتی پندرہ یوم ۶ جون ۱۹۲۶ء سے بذمہ داری شفیع احمد خان محرر خوراک منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

۳ جون ۱۹۲۶ء

باشندگان موضع میرانپور تحصیل سوار نے بشکایت حیدر علی مدرس میرانپور درخواست دی ہے اور تحریر پولیس سے بھی واضح ہوا کہ مدرس مذکور کسی جرم فوجداری کا ملزم ہے۔ اور اُسکا وارنٹ جاری ہو چکا ہے اور وہ مفرور ہے۔ لہذا حیدر علی مدرس میرانپور تحصیل سوار تا حکم ثانی معطل کیا گیا۔ اور انسپکٹر صاحب مدارس کو لکھا گیا کہ مدرسہ میرانپور کے واسطے دوسرے مدرس کا نام برائے تقرر پیش کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب حکم ہوا۔ کہ منشی اخلاق حسن خان عہدہ اجلاس ہذا محکمہ تعمیرات میں بجائے منشی کلیان رائے تبدیل کیا جائے اور منشی کلیان رائے بجائے اخلاق حسن اجلاس ہذا میں متعین ہو۔ ہر دو شخص اپنی اپنی تنخواہ اُسی صیغہ سے بدستور پائینگے جس صیغہ سے ابتک پا رہے ہیں۔ یکم جون سنہ حال سے عملدرآمد کیا جائے۔ صدر سے بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے یکم جون ۱۹۳۶ء لغایت ۷ مرجون ۱۹۳۶ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۱۰۔۶	۰	۰	۹۔۱۰ سیر	۰	۱۰۔۶ سیر	گندم
	۸ سیر	۰	۰	۹ سیر	۰	۸ سیر	نخود خالص
	۸۔۸ سیر	۰	۰	۹۔۸ سیر	۰	۸۔۸ سیر	نخود کسہ آمیز
	۹ سیر	۰	۰	۹۔۸ سیر	۰	۸۔۱۵ سیر	کتہ
	۵ سیر		۰	۰	۰	۵ سیر	ماش
	۴ سیر	۰	۰	۰	۰	۴۔۱۵ سیر	مونگ
	۶ سیر	۰		۰	۰	۸ سیر	تنکا
	۱۰ سیر	۰	۰	۰	۰	۱۰ سیر	جئی
	۱۲ سیر	۰	۰	۰	۰	۱۲ سیر	گوجئی
	۶ سیر	۰	۰	۰	۰	۶۔۱۰ سیر	عدس
	۷ سیر	۰	۰	۷۔۸ سیر	۰	۷ سیر	ارہر
	۳۔۱۵ سیر	۰	۰	۴۔۸ سیر	۰	۳۔۱۵ سیر	برنج
	۱۲ چھٹانک	۰	۰	۱ سیر	۰	۱۰ چھٹانک	روغن زرد
	۱ سیر	۰	۰	[illegible]	۰	۲ سیر	روغن سیاہ
	۱ سیر	۰	۰	۱ سیر	۰	۱ سیر	روغن گنجد
	۲۳ سیر	۰	۰	۲۳ سیر	۰	۲۳ سیر	نمک سانبھر
	۸ سیر		۰	۶ سیر	۰	۶ سیر	نمک لاہوری
	۳ سیر	۰	۰	۳ سیر	۰	۳ سیر	قند سیاہ
	۶ سیر	۰	۰	۰	۰	۶ سیر	باجرہ

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور